## ایم کیوایم کے وفد نے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے حضرت داتا گنج ؒ کے مزار پر چادر چڑھائی

کراچی۔۔۔3فروری،2010ء

حضرت داتا گنج بخش ہجویریؒ کے سالانہ عرس کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان کی سربراہی میں لاہور زون کے انچارج رعنا یونس وارکان زونل کمیٹی کے وفد نے داتا دربار پر حاضری دی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی اور نذرانہ عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کے وفد کے ارکان نے ملک کی ترقی وخوشحالی، دہشت گردی کے خاتمے، ایم کیوایم کی کامیابی اور قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کی۔بعدازاں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے زائرین میں لنگر بھی تقسیم کیا۔

## اے پی ایم ایس او کا قیام فرسودہ نظام کے خلاف اعلان جنگ ہے،خوش بخت شجاعت

## آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے تحت بک فیئر کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔3فروری،2010ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت نے کہا ہے کہ آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کا قیام فرسودہ نظام کے خلاف اعلان جنگ ہے،قائد تحریک الطاف حسین نے 78ء میں اے پی ایم ایس او بنا کر طلبہ وطالبات میں سیاسی شعور کی بنیاد رکھی اور علم کی روشنی سے زمانہ جہالت کے نظام کی تبدیلی کا بیڑا اٹھانے کیلئے تحریک کا آغاز کیا،وہ آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن سیکٹر E سندھ مسلم لاء کالج یونٹ کے تحت دوروزہ بک فیئر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہی تھیں۔اس موقع پر سیکٹر کمیٹی کے ارکان اور سندھ مسلم لاء کالج یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان علاوہ طلبہ وطالبات کی بڑی تعداد موجود تھی۔انہوں نے اے پی ایم ایس او کی نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ 11 جون 1978ء کو اے پی ایم ایس او کا قیام جامعہ کراچی میں عمل میں آیا اس طلبہ تنظیم کو ماں کا درجہ حاصل ہے جس نے ایک تحریک کو جنم دیا ہے۔اے پی ایم ایس او قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہے اور مظلوم ومحکوم طلبہ کو یکساں تعلیمی مواقع فراہم کرنا چاہتی ہے یہی وجہ ہے کہ آج مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ اے پی ایم ایس او میں شمولیت اختیار کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او واحد طلبہ تنظیم ہے جس نے ملک بھر کے تعلیمی اداروں سے دوہرے طبقاتی تعلیمی نظام کے خلاف آواز حق اٹھائی۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کی جانب سے ایس ایم لاء کالج میں دوروزہ بک فیئر کے انعقاد سے طلبہ کو قانون سے متعلق بہترین اور رعایتی کتب میسر ہوں گی جو طلبہ کو ان کے تعلیمی عمل میں معاون ومددگار ثابت ہوگا اور اس طرح کے کتب میلوں سے طلباء میں علم وادب سے واقفیت اور دلچسپی میں اضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن سندھ مسلم لاء کالج کی جانب سے بک فیئر کے انعقاد پر تمام ذمہ داران وکارکنان کو مبارکباد پیش کی اور طلبہ کی مثبت سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

## گلستان سرمست ہاؤسنگ اسکیم حیدرآباد کی حق پرست قیادت کا بلاتفریق غریب عوام کیلئے رہائشی تحفہ ہے،ارکان سندھ اسمبلی

## ضلع ناظم حیدرآباد کنور نوید جمیل کو خراج تحسین،حیدرآباد اور کراچی کی حق پرست قیادت کی کارکردگی نے عوام کے دل جیت لئے ہیں

کراچی۔۔۔3،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے حیدرآباد کی ضلعی حکومت کے حق پرست ضلع ناظم کنور نوید جمیل کی جانب سے گلستان سرمست ہاؤسنگ اسکیم کو سراہا ہے اور اس اسکیم کو حق پرست قیادت کی طرف سے بلاتفریق غریب عوام کیلئے رہائشی تحفہ قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گلستان سرمست ہاؤسنگ اسکیم غریب عوام کی دسترس میں ہے اور اس سے غریب عوام کی مستقل رہائش کا مسئلہ کافی حد تک حل ہوجائے گا۔انہوں نے کہا کہ حیدرآباد اور کراچی سمیت سندھ بھر میں حق پرست قیادت کی کارکردگی اور کارناموں نے عوام کے دل جیت لئے ہیں اور حق پرست قیادت کے کاموں کو عوامی بھلائی سے تعبیر کیا جارہا ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گلستان سرمست ہاؤسنگ اسکیم پر ضلع ناظم حیدآباد کنور نوید جمیل کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ حق پرست قیادت کے عملی کام ہی اس کی عوامی خدمت کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

## جعفریہ الائنس کے نائب صدر مولانا آغا مسعودی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

## مرحومہ کی تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی عبدالمعید اور ایم کیو ایم علماء کمیٹی کی شرکت

کراچی۔۔۔3، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جعفریہ الائنس کے نائب صدر مولانا آغا مسعودی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ دریں اثناء مولانا آغا مسعودی کی والدہ محترمہ کو وادی حسین کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، مرحومہ کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی عبدالمعید، ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے انچارج وارا کین، عمائدین شہر اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆